© rasailojaraid.com



# گوشہ علمی و تعلیمی خبریں

## علامہ عثمانیؒ و سلیمان ندویؒ کی مزارات کی بے حرمتی

کچھ دنوں قبل مذکورہ شخصیات کی مزارات کے کتبے اور مزارات کی جالیوں کو کسی شخص نے ٹکڑے ٹکڑے کردیا جس کے خلاف اسلامیہ کالجز کے پرنسپلز و اساتذہ کرام پروفیسر شاہ اللہ محمود، پروفیسر مفتی محمد عمار و دیگر اساتذہ کرام کی کوششوں سے ایف آئی آر کاٹی گئی لیکن ابھی تک نہ تو اس گستاخ کے خلاف کوئی کارروائی ہوئی اور نہ ہی ان مزارات کو تعمیر کیا گیا ہے۔ انجمن کے صدر و دیگر عہدیداران نے خطوط کے ذریعے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ سندھ، گورنر سندھ، چوہدری شجاعت، صدر مسلم لیگ، سٹی ناظم، نائب ناظم، و دیگر اہم شخصیات سے مزارات کی ازسرِ نو تعمیر اور اس پر گارڈ/چوکیدار مقرر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

## ڈائریکٹریٹ آف کالجز کے لیے قابل تقلید نمونہ

اساتذہ کرام کی ریٹائرمنٹ باعزت و شایان طریقے سے ہونی چاہیے ہمارے کالجز کے ناظم تا افسران کو اس جانب توجہ دینی چاہیے اس لیے کہ خود انہیں بھی ریٹائرڈ ہونا ہے سندھ یونیورسٹی جامشورو کے وائس چانسلر پروفیسر مظہر الحق صدیقی صاحب نے شاندار قابل تقلید نمونہ پیش کیا ہے۔

موصوف نے یونیورسٹی سے ریٹائرڈ ہونے والے نیک نام اساتذہ کو ایک تقریب میں باقاعدہ شیلڈز پیش کی گئیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۱۱/فروری ۲۰۰۶ء)

## اورینٹ میر خلیل الرحمٰن ایوارڈ

فرسٹ کلاس پوزیشن میں ایوارڈ کے ذریعہ نوازا جاتا ہے یہ تقریب اورینٹ لیڈ و ٹائرسنٹ ایس ایچ ہاشمی اور میر خلیل الرحمٰن فاؤنڈیشن کے تعاون سے منعقد ہوئی (روزنامہ جنگ کراچی ۱۵/فروری ۲۰۰۶ء) اچھی مثال ہے جس پر ہم اپنی تنظیم انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور درخواست کرتے ہیں طلباء کے ساتھ اساتذہ کو بھی ایوارڈ دیکر حوصلہ افزائی کا سلسلہ شروع کیا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## عبداللہ گرلز کالج میں ایم اے اسلامیات وسیاسیات کی کلاسوں کا آغاز

پروفیسر رضیہ سبحان پرنسپل عبداللہ کالج کی انتھک جدوجہد کے نتیجے میں ۲/ مارچ ۲۰۰۶ء سے باقاعدہ ایم اے کی کلاسوں کا آغاز ہوگیا ہے۔ افتتاح کے موقع پر ای ڈی او۔ اور ڈی او کالجز کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوئے ایم این اے وایم پی اے نے شرکت کی اور افتتاحی تقریب میں پرنسپل صاحبہ کو مبارکباد پیش کی۔ اس کے علاوہ ایم اے کی طالبات نے اپنے اپنے شعبوں کی نمائندگی کرتے ہوئے انتہائی مسرت کا اظہار کیا اور پرنسپل کے ساتھ ایم اے کے اساتذہ کی تدریس وتوجہ کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے تعلیمی معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ۷/ مارچ کو نعت وقرأت کے پروگرام منعقد کیے گئے جس میں نسرین جلیل صاحبہ نائب سٹی ناظم وغیرہ نے شرکت کی۔ ۸/ مارچ کو روبرو پروگرام میں جناب رؤف صدیقی صوبائی وزیر داخلہ مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ ۹/ مارچ کو طالبات کے درمیان مباحثہ ہوا جس کا موضوع تھا ”اخلاقی تباہی کا ذمہ دار ذرائع ابلاغ ہے“۔ اس نشست کی مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر مذہبی اُمور جناب ڈاکٹر عامر لیاقت حسین صاحب تھے۔ (رپورٹ پروفیسر تسنیم فاطمہ شعبہ معاشیات)

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی کے صدر، جنرل سیکریٹری ودیگر عہدیدران وفاقی اُردو یونیورسٹی شعبہ عربی کے چیئرمین پروفیسر بدرالدین وغیرہ نے پرنسپل عبداللہ گرلز کالج کو مبارکباد پیش کی اور اپنے تعاون کا مکمل یقین دلاتے ہوئے وزیر تعلیم سے مطالبہ کیا کہ دیگر بڑے کالجز میں بھی ایم اے کی کلاسوں کا آغاز کیا جائے۔

## پی ایچ ڈی اساتذہ اور جدید علوم پر تحقیق کی ضرورت ہے

### پروفیسر ڈاکٹر اقبال محسن (وائس چانسلر وفاقی اُردو یونیورسٹی)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کو بڑی تعداد میں پی ایچ ڈی اساتذہ اور جدید علوم پر محققین کی ضرورت ہے۔ اس ضمن میں اساتذہ کو تحقیقی سہولتیں فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ ملک میں ہر پیداواری شعبے کو درکار تعداد میں محققین فراہم ہوسکیں اور تعلیم کا معیار بلند ہوسکے۔ یہ بات وفاقی اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اقبال محسن نے 16 روزہ اسکالرز تحقیقی ورکشاپ کمیشن جو پروفیسر محمد احمد فاروقی کی نگرانی میں کیا گیا تھا جس میں اُردو یونیورسٹی کے ایم فل و پی ایچ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈی کرنے والے سینئر اساتذہ نے شرکت کی۔ تقریب تقسیم اسناد سے ڈائریکٹر ریسرچ پروگرام ڈاکٹر سیّد قیصر عباس، ڈین سائنس ڈاکٹر کمال الدین، ایڈیشنل رجسٹرار ڈاکٹر محمد اسحاق، ڈین آرٹس پروفیسر رعنا ہلال، پروفیسر شفیع آزاد، سینئر اُستاد حسن عسکری فاطمی نے خطاب کیا۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء نے وزارت تعلیم اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے لیے اہم سفارشات مرتب کیں جس کو ورکشاپ کے نگراں ڈاکٹر محمد احمد فاروقی نے منظوری کے لیے پیش کیا۔ ورکشاپ کے شرکاء نے متفقہ طور پر تجویز کیا کہ وفاقی اُردو یونیورسٹی کو تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے خصوصی فنڈ فراہم کیا جائے اور تحقیق کرنے والے اسکالرز کو ملک و دیگر جامعات سے مربوط کرنے کے انتظامات کیے جائیں تاکہ یونیورسٹی اپنا حقیقی کردار ادا کرسکے۔ وائس چانسلر نے اس سے اتفاق کرتے ہوئے اعلان کیا کہ تحقیق کے کام کو آگے بڑھانے کے لیے سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر کوششیں جاری رکھیں گے اور ایسی ہی ورکشاپ کا فیکلٹی کی سطح پر بھی آغاز کریں گے۔

## جامعہ کراچی نے فضلائے مدارس کے لیے عصری تعلیم کے دروازے بند کردیے

### درجہ عالمیہ کی سند کو ایم اے عربی و اسلامیات کے برابر تسلیم کیے جانے کے باوجود ڈگری جاری کرنے سے انکار، علماء کرام کی مذمت

کراچی (وقائع نگار خصوصی) جامعہ کراچی کی جانب سے فضلائے مدارس کے ساتھ معاندانہ رویّہ، درجہ عالمیہ کی سند کو ایم اے عربی و اسلامیات کے برابر تسلیم کیے جانے کے باوجود مساوی ڈگری جاری کرنے سے انکار، فضلائے مدارس کے لیے عصری علوم کی تحصیل کے دروازے بند کرنے کی کوشش ہے۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ کراچی نے بغیر کوئی معقول وجہ بیان کیے فضلائے وفاق المدارس العربیہ کو ایم اے عربی و اسلامیات کے مساوی ڈگری کا اجراء روک دیا ہے گزشتہ ایک ماہ سے ایکولنس فارم پر کرنے مبلغ 1000 روپے فیس جمع کرانے اور عالمیہ تک تمام تعلیمی اسناد جمع کرانے کے باوجود ڈگری جاری نہیں کی جارہی ہے۔ جامعہ کراچی کے بعض ذمہ دار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ذرائع کے مطابق غیر اعلانیہ طور پر یہ اقدام کیا گیا ہے۔ علماء کرام نے اس اقدام کی شدید مذمت کی ہے اور اسے فضلائے مدارس کے لیے اعلیٰ عصری تعلیم کے دروازے جبراً بند کرنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ (بشکریہ اخبار المدارس)

## اہانت رسول ﷺ پر احتجاج

### جاوید چوہدری (معروف کالم نگار)

فرانس سویئر (France Soir) فرانس کا ایک مشہور اخبار ہے اس اخبار نے فروری کے پہلے ہفتے میں ڈنمارک کے اخبار "یولاند پوسٹن" کی گستاخی دہرائی تھی، اس گستاخی کے ردعمل میں جب فرانس کی مسلمان کمیونٹی نے احتجاج کیا تو فرانس سویئر نے خود کو لبرل، آزادی رائے کا چیمپئن اور سیکولر ثابت کرنے کے لیے (نعوذ باللہ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خاکے بھی شائع کر دیے۔ اخبار کا کہنا تھا اگر ہم اپنے نبی ﷺ کے خاکے چھاپ سکتے ہیں تو ہم کسی بھی مذہب، کسی بھی طبقے اور کسی بھی کمیونٹی کے پیغمبر کے کارٹون شائع کر سکتے ہیں، عیسائی کمیونٹی نے اخبار کی اس حرکت کو پسند نہ کیا چنانچہ یورپ میں اخبار کے خلاف احتجاج شروع ہو گیا، اس سلسلے میں سب سے دلچسپ احتجاج یوکرائن کے دارالحکومت کیف میں ہوا، یوکرائن میں طالب علموں کی ایک بہت بڑی تنظیم ہے، یہ تنظیم دائیں بازو کے خیالات کی حامل ہے اور اس کے ارکان چرچ اور بائبل کا دل سے احترام کرتے ہیں، اس تنظیم کے نوجوان بدھ 15 فروری کو کیف میں فرانسیسی سفارتخانے کے سامنے جمع ہوئے۔ ان لوگوں کے ہاتھوں میں فرانسیسی گاڑیوں کے ماڈل تھے، یہ بچوں کی کھلونا گاڑیاں تھیں، ایسی گاڑیاں ہمارے ملک میں بھی عام ملتی ہیں، یہ نوجوان سفارتخانے کے سامنے بیٹھے، انہوں نے یہ گاڑیاں قطار میں کھڑی کیں اور تمام کھلونا گاڑیوں کو آگ لگا دی، یہ گاڑیاں جتنی دیر جلتی رہیں یہ نوجوان نعرے لگاتے رہے، جب یہ گاڑیاں جل کر راکھ ہو گئیں تو ان نوجوانوں نے ان کا ملبہ اُٹھایا، شاپنگ بیگ میں ڈالا اور یہ بیگ کچرے کی بالٹی میں ڈال کر واپس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چلے گئے، دنیا بھر کے خبر رساں اداروں اور ٹیلی ویژن چینلز نے یہ منظر دکھایا۔

میں نے یہ تصویر اور یہ خبر 16 فروری کو تھائی لینڈ کے ایک اخبار میں دیکھی تھی۔ ٹھیک اسی روز اسلام آباد اور لاہور میں بھی احتجاج تھا۔ میں نے ٹیلی ویژن کی اسکرین پر دیکھا بے شمار پاکستانی جوان مال روڈ کی دکانوں کے شیشے توڑ رہے ہیں، میرے سامنے نوجوانوں نے ڈنڈوں، ہاکیوں کے ذریعے کھڑکیاں، اشارے، سائن بورڈ اور گاڑیاں توڑ دیں، میرے سامنے نوجوانوں نے عمارتوں پر تیل چھڑکا، غریب پاکستانیوں کی گاڑیاں روکیں، ان کے فیول پائپ کھینچے اور انہیں آگ لگا دی۔ میں نے دیکھا نوجوان کانسٹیبل پر پتھر پھینک رہے ہیں اور اس کے جواب میں وہ ان پر آنسو گیس کے شیل چلا رہا ہے۔ میں نے دیکھا پاکستانی ہجوم دکانیں لوٹ رہا ہے، خواتین ہجوم میں پھنسی ہیں، وہ مدد کے لیے چیخ رہی ہیں، میں نے دیکھا بچے اپنے والدین کو تلاش کر رہے ہیں اور مائیں اپنے بچوں کو ڈھونڈ رہی ہیں۔ میں نے دیکھا نوجوان ایک غیر ملکی ریستوران کو توڑ کر برگر نکال رہے ہیں، کھا رہے ہیں، قہقہے لگا رہے ہیں، ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مار رہے ہیں اور فضا میں ڈنڈے لہرا رہے ہیں۔ میں نے دیکھا ہجوم نے قطار میں کھڑی موٹر سائیکلوں پر تیل چھڑکا، اس تیل پر دیا سلائی پھینک دی اور آن واحد میں 25,20 موٹر سائیکل جل کر راکھ ہو گئیں۔ یہ سارے موٹر سائیکل غریب پاکستانیوں کے تھے اور ان میں سے بے شمار غریبوں نے ابھی ان کی قسطیں ادا کرنا تھیں۔ میں نے دیکھا ہجوم اپنے ملک کی اسمبلی میں داخل ہوا اور اس نے عمارت کو آگ لگا دی۔ میں نے دیکھا ہجوم نے ویگنیں روکیں، ان میں سے سواریاں اُتاریں اور ویگنوں کو آگ لگا دی۔ میں نے دیکھا داتا صاحب چوک پر بچے والدین سے بچھڑ گئے اور مائیں غش کھا کر گرنے لگیں۔ میں نے دیکھا اسلام آباد کے اسکولوں اور کالجوں کے بچے ہاتھوں میں ڈنڈے لے کر ڈپلومیٹک انکلوژر کا گیٹ توڑ رہے ہیں، پولیس انہیں روک رہی ہے اور وہ پولیس پر پتھراؤ کر رہے ہیں۔ اس سے اگلے دن ٹیلی ویژن اسکرین نے میرے سامنے پشاور شہر رکھ دیا۔ پشاور کا پورا شہر اینٹوں، پتھروں اور لاٹھیوں سے اٹا پڑا تھا، لوگ لہولہان تھے، کپڑے پھٹے ہوئے تھے اور انہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے کندھوں پر زخمی اٹھا رکھے تھے۔ میں نے دیکھا ایک نوجوان سڑک پر پڑا ہے اور اس کی ران سے خون اور چربی بہہ رہی ہے، وہ ہڈی تک جل چکا تھا، ایک بزرگ کے سر سے خون کی لکیریں نکل رہی ہیں اور ان لکیروں نے اس کی سفید داڑھی سرخ کردی ہے۔ میں نے دیکھا ہجوم بسوں کے اڈے پر پہنچا اور اس نے بسوں کو آگ لگا دی، ہر طرف دھواں، آگ اور چیخیں تھیں، پورا ملک آتشزدہ دکھائی دے رہا تھا۔ یہ کیا احتجاج ہے؟ میں نے اپنے آپ سے پوچھا۔ ہم لوگ دوسرں کا غصہ اپنے اوپر اتار رہے ہیں ہم لڑنے، احتجاج کرنے کے بجائے خودکشی کررہے ہیں۔ یہ منظر دیکھنے کے بعد ہمارا دشمن کیا سوچے گا؟ کیا وہ نہیں سوچے گا اس قوم کو نقصان پہنچانا کتنا آسان ہے۔ وہ اس قسم کی چند مزید گستاخیاں کرے اور ہم تیل کے ڈرم لے کر اپنے سارے شہر جلادیں، اپنی ساری گاڑیاں توڑ پھوڑ دیں، اپنی دکانوں، مکانوں اور بچوں کو آگ لگادیں۔ اپنے سروں میں ڈنڈے ماریں، اور ہمارا دشمن ہماری نعشوں پر کھڑا ہو کر قہقہے لگائے۔ میرا خیال ہے اس نے یہ مناظر دیکھ کر یہ ضرور سوچا ہوگا واہ کیا احتجاج ہے! مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب سلمان رشدی نے گستاخی پر مبنی کتاب لکھی تھی تو اسلام آباد میں اس کے خلاف جلوس نکلا تھا۔ اس جلوس نے توڑ پھوڑ اور پتھراؤ شروع کردیا تھا۔ پولیس نے اس کے جواب میں فائرنگ اور شیلنگ کی تھی۔ ہنگامہ ختم ہوا تو پتہ چلا اس معرکے میں مدرسوں کے پانچ بچے شہید ہوگئے ہیں۔ وہ احتجاجی بچے فوت ہوگئے لیکن سلمان رشدی آج تک زندہ ہے۔ میں سوچتا ہوں کہ وہ کیا احتجاج تھا؟ ہم نے اس احتجاج سے کیا حاصل کیا؟ ان جلوسوں اور جلسوں کا کیا نتیجہ نکلا؟ ہم نے پانچ والدین کو ان کے بچوں سے محروم کردیا، ہم اگر اس کے بدلے یورپ کے سفارتخانوں کے سامنے روز بھوک ہڑتال کرتے، ہم فرانسیسی، جرمن اور برطانوی دفتروں کے سامنے دھرنا مار کر بیٹھ جاتے، ہم روز ان حکومتوں کو دس لاکھ خط لکھتے، ہم برطانیہ میں ایک بہت بڑا سیمینار کرتے اور اس سیمینار کے ذریعے برطانوی حکومت کو اپنا موقف سمجھاتے، ہم گوروں کو اپنے مذہب اور اپنی عقیدت کے بارے میں بتاتے اور ہم سلمان رشدی کو پناہ دینے والے ممالک سے تحریری احتجاج کرتے تو ہم اچھے نتائج حاصل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کر سکتے تھے، اس بار بھی یہی ہو رہا ہے۔ پولانڈ پوسٹن کی انتظامیہ، اس کا ایڈیٹر اور اس کے کارٹونسٹ بڑے مزے سے چھٹیاں گزار رہے ہیں لیکن ہم نے احتجاج کے ذریعے اپنے اسکول تک بند کرا دیے ہیں۔ حالت یہ ہے لوگ گاڑی لے کر سڑک پر نہیں نکلتے، انہیں خطرہ ہے کہیں وہ احتجاج میں نہ پھنس جائیں، کہیں وہ اپنی گاڑی سے محروم نہ ہو جائیں۔

پوری دنیا میں احتجاج ہوتے ہیں لیکن لوگ اپنے آپ کو نہیں جلاتے۔ 2003ء میں اتحادیوں نے عراق پر حملہ کیا تھا تو اس وقت یورپ اور امریکہ کی تاریخ کے بڑے بڑے جلوس نکلے۔ ایک ایک دن میں پچیس پچیس لاکھ لوگ سڑکوں پر آ گئے تھے لیکن ان شہروں میں ایک شیشہ تک نہیں ٹوٹا، کسی سڑک پر ایک اینٹ، ایک کاغذ اور ایک چھلکا نہیں گرا۔ اس کے برعکس آپ اپنے احتجاج کا جائزہ لے لیں۔ ایک ہفتہ گزرنے کے بعد بھی ہوا میں ٹائر جلنے کی بو باقی ہے۔ ہماری سڑک پر پتھر، لاٹھیاں اور خون کے چھینٹے پڑے ہیں۔ ہم غصے میں اتنے اندھے ہو گئے تھے ہم نے ایک کمپنی کی بسیں جلا دیں۔ ہم نے یہ تک نہ سوچا کوریا دنیا کا واحد غیر مسلم ملک تھا جس نے اس مسئلے میں مسلمانوں کی حمایت کی تھی۔ مجھے کل سے ایک پرانا ڈرامہ یاد آ رہا ہے۔ اس ڈرامے کا ایک کردار ہر بات پر کہتا تھا "تم کون لوگ ہو یار" میں بھی جب یہ احتجاج دیکھتا ہوں تو میرا دل کرتا ہے میں بھی اپنے پاکستانی بھائیوں کو روکوں اور انہیں روک کر پوچھوں "تم کون لوگ ہو یار" تم لوگ احتجاج کرتے ہوئے یہ تک بھول جاتے ہو تم اپنے ہی منہ پر تھپڑ مار رہے ہو، تم اپنے ہی اوپر پیٹرول چھڑک رہے ہو، تم اپنے ہی مکان کو آگ لگا رہے ہو، تم خود ہی نقصان پہنچا رہے ہو، تم کون لوگ ہو یار، بھائی احتجاج کرو اپنے آپ کو آگ نہ لگاؤ۔" (بشکریہ جنگ کراچی)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## گستاخانِ رسول ﷺ کے خلاف احتجاج کا حق صرف اہلسنت و جماعت کو ہے

### پروفیسر سعید اسعد اور ابوالخیر زبیری کی نوک جھونک

کراچی (اسٹاف رپورٹر مرکزی جماعت اہلسنت کے زیر اہتمام ہفتہ اور اتوار کو منعقدہ لبیک یا رسول اللہ ﷺ کانفرنس کے دوران علامہ پروفیسر سیّد سعید اسعد نو را یم ایم اے کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ گستاخانِ رسول ﷺ کے خلاف احتجاج کا حق صرف اہلسنت و جماعت کو ہے۔ انہوں نے اس موقع پر صاحب ابوالخیر زبیری پر کڑی نکتہ چینی کی اور کہا کہ انہوں نے صرف ووٹ کی خاطر ایم ایم اے سے اتحاد کیا ہے۔ جس کے جواب میں صاحبزادہ ابوالخیر زبیر نے کہا ایم ایم اے سے اتحاد علامہ شاہ احمد نورانی نے کیا تھا اور ہم ان کے مشن کو لے کر آگے بڑھ رہے ہیں جب کہ آپ پروفیسر سیّد سعید نے فاروق لغاری کی پارٹی میں شمولیت اختیار کی تھی وہ کتنے بڑے اہلسنت کے علمبردار ہیں۔ (روزنامہ جنگ کراچی ۱۳-۳-۲۰۰۶ء)

## شیخ احمد دیدات ؒ عیسائیت کے حملوں کا دفاع کرنے والا مجاہد

شیخ احمد دیدات ؒ نے نصف صدی تک عیسائی مشنریوں کی ہرزہ سرائی کا مقابلہ کیا، بلاشبہ وہ دور حاضر میں اسلام کے دفاع کا سب سے بڑا مجاہد تھا۔ وہ مسلمانوں میں بائبل کا سب سے زیادہ جاننے والا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں غیر معمولی حافظے سے نوازا تھا وہ اپنی ان تھک محنت سے بائبل کے متعلق اقتباسات اس طرح پڑھتے تھے جس طرح مسلمان حفاظ قرآن پڑھتے ہیں، انگریزی زبان میں ان کی خطابت بے مثال تھی، میں نے ان کے جلسوں میں عیسائیوں کو مبہوت بیٹھے دیکھا ہے، واقعۃً وہ خدمت اسلام کے سلسلے میں اللہ کا خصوصی عطیہ تھے۔

برطانیہ میں قیام کے دوران میں مجھے ان سے ملنے اور تبادلہ خیال کرنے کا شرف حاصل ہوا، وہ ہمارے کرم فرما شمشاد محمد خان سیکرٹری آئی پی سی آئی Propagation Center International کی دعوت پر برطانیہ تشریف لائے اور مختلف شہروں میں اسلام اور عیسائیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے موضوع پر خطابات فرمائے۔ برمنگھم میں فلسطینی امریکی عیسائی پادری شوروش سے ان کا مباحثہ ہوا۔ ان کا خصوصی موضوع بائبل کی الہامی حیثیت تھا۔ بائبل کی عریاں نگاری کو بیان کرتے ہوئے وہ بڑے بڑے پادریوں کو مبہوت کر دیتے تھے۔ ان کی دو خوبیاں ایسی تھی جو میں نے کسی داعی میں نہیں دیکھیں، ایک تو وہ قادر الکلام خطیب تھے۔ انگریزی زبان پر عبور اور قدرت اظہار اس طرح تھا جیسے انگریزی ان کی مادری زبان ہے حالانکہ وہ ہندوستانی گجرات سے تعلق رکھتے تھے اور نو دس برس کی عمر میں جنوبی افریقہ گئے تھے۔ خداداد صلاحیت اور غیر معمولی محنت سے انہوں۔ نے انگریزی زبان کے بے مثال خطیب کی شہرت حاصل کی۔ دوسرے ان کی جرات اور عدم مداہنت کا طرز عمل تھا۔

مغربی تعلیم نے مسلمان پڑھے لکھے لوگوں کو اسلام کے بارے میں معذرت خواہانہ رویئے اور مداہنت کے طرز عمل اپنانے پر مجبور کیا ہے۔ گویا مسلمان ہونا ایک کمزوری اور مجبوری ہے، اگر ضرورت پڑے تو اسے چھوڑا بھی جاسکتا ہے۔ عیسائیوں کی خوشامد اور گوری چمڑی والوں کی خدمت اسی ذہنیت کا نتیجہ ہے۔ شیخ دیدات کمال جرأت سے اپنے مخاطبین کو اس طرز عمل پر ٹوکتے، عیسائیت اور مغربیت پر جاندار تنقید و تبصرہ کرتے اور مسلمان ہونے پر فخر کا اظہار کرتے۔ ان کے ساتھ سفر کرنے اور کچھ وقت گزارنے سے تجربہ ہوا کہ ان کی ذات سے مسلمان ہونے پر بے پناہ اعتماد ہر لحہ پھوٹتا دکھائی دیتا ہے۔ عیسائیوں پر طنز و تعریض کرنے کے انداز سے بعض لوگ جھینپتے تھے لیکن ان میں کوئی کمزوری نہیں دکھائی دیتی تھی۔ ان کی اسی جرأت کی وجہ سے بعض ممالک نے ان کا داخلہ بند کر دیا تھا۔ مثلاً نائجیریا کے مسلمانوں نے انہیں بلایا لیکن بین الاقوامی عیسائیت کے دباؤ پر نائجیریا کی حکومت نے انہیں ملک میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی۔ عیسائی مشنری ہر جگہ دندناتے پھرتے ہیں انہیں مسلمان حکومتوں کی تائید حاصل ہوتی ہے لیکن اسلام کے اس داعی کو داخلے کی اجازت نہ ملی۔

مذاہب عالم میں عیسائیت اسلام کی سب سے بڑی حریف ہے۔ آغاز اسلام سے اب تک اس نے مسلسل مخالفت اور بغض و عناد کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے۔ اسلام، قرآن اور پیغمبر اسلام کے خلاف سب سے زیادہ ہرزہ سرائی اور دریدہ ذہنی کا مظاہرہ عیسائی پادریوں اور عالموں نے کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔عیسائیت چونکہ مغربی استعمار کی لونڈی کی حیثیت سے استعماریوں کے ساتھ ساتھ چلی ہے اس لئے اس نے استعمار کی خدمت میں مسلمانوں کے خلاف محاذ میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔اس کے نام نہاد دانشوروں، تاریخ نویسوں، معاشرتی علوم کے ماہروں اور متعصب پادریوں تک سب نے اسلام، پیغمبر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ قائم رکھا ہے۔کلیسا چونکہ منظم ادارہ ہے اور مغربی ریاستوں میں اسے اثر ورسوخ حاصل ہے اس لئے عالم اسلام کے خلاف استعماری عزائم کی تکمیل میں عیسائیت کا بنیادی کردار ہے۔کلیسا نے اسلام کے خلاف جو منظم مہم چلائی ہے مغرب کے سیاسی رہنمائی اور حکمران اس کے زیر اثر ہیں بلکہ عالم اسلام کو مغلوب کرنے اور اس کے وسائل کو لوٹنے کے عمل میں عیسائی مذہبیت کا اہم کردار ہے۔بدقسمتی سے اسلام کو کوئی ایسی تائید حاصل نہیں ہے بلکہ ان کی مقتدر قوتیں بالعموم اسلام کے خلاف وعدہ معاف گواہ بن کر عیسائی دنیا کے ساتھ کھڑی ہیں۔ان قوتوں کی دوں ہمتی، بے بصیرتی اور بزدلی کی وجہ سے عیسائی استعمار کو عالم اسلام میں خونیں پنجے گاڑنے کا موقع ملا ہے۔کفر کی جارحیت اور اسلام کی بے بسی کے اس منظر میں مشیت ایزدی نے امت مسلمہ کو وقتاً فوقتاً ایسے مجاہد افراد مہیا کئے جو بلا خوف لومۃ لائم عظمت اسلام کے گیت گاتے رہے اور غلبہ اسلام کی آروز سے جیتے رہے۔ایسے ہی داعیان اسلام میں ایک بڑا نام شیخ احمد دیدات ؒ کا ہے۔

جنوبی افریقہ ایک نسل پرست متعصب عیسائی ملک تھا جس میں مسلمانوں کی حیثیت مہاجرین کی تھی۔حکمران گوری نسل کے لوگوں نے افریقیوں کو خوف اور لالچ کے ذریعہ سے عیسائی بنالیا تھا جب کہ گوروں، کالوں اور ہندوستانی ہندوؤں کے مقابلے میں مسلمان ایک محدود اقلیت تھے جنہیں اپنے تشخص کی حفاظت کا مسئلہ درپیش تھا۔قدرت نے انہیں نسل پرستانہ آئیڈیالوجی کے نفاذ کی وجہ سے تحفظ فراہم کیا۔سرکاری انتظام کے تحت، گورے، کالے اور رنگدار الگ الگ علاقوں میں محدود کر دیئے گئے۔ان کے اسکول و کالج اور یونیورسٹیاں بھی الگ رکھی گئیں۔یوں مسلمانوں کو اگرچہ ہندوؤں کے ساتھ نتھی کر دیا گیا تاہم انہیں اپنے تشخص کی حفاظت میں کوئی دقت نہیں پیش آئی۔ہندو بھی پرستانہ نظریہ کی وجہ سے مسلمانوں سے امتیاز برتتے تھے۔اس پس منظر میں ایک شخص اپنی ذاتی محنت اور دین سے محبت کی وجہ سے مبلغ اسلام اور مناظر اسلام بن گیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عیسائیت نے استعمار کے سائے میں جب مسلمانوں کو عیسائی بنانے کا پروگرام بنایا تو اس نے دو محاذوں پر کام کیا ایک تعلیمی محاذ اور دوسرا مناظرے اور تبدیلی مذہب کا پچھلی دو صدیوں کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ عیسائیت نے اپنے اہداف میں کافی کامیابی حاصل کی ہے۔ عالم عرب میں چونکہ مشرقی عیسائیوں کی کمیونٹی موجود تھی اس لئے مغربی عیسائیت کی زیادہ کوشش مشرقی عیسائیوں کو کیتھولک اور پروٹیسٹنٹ بنانے پر مرکوز ہیں۔ اکا دکا مسلمان بھی مرتد ہوئے لیکن مسلمانوں میں بحیثیت مجموعی بہت کم مذہبی ارتداد وقوع پذیر ہوا۔ البتہ افریقہ میں عیسائیت کو کچھ کامیابی حاصل ہوئی اگرچہ اس کا ذریعہ بھی تعلیمی ادارے تھے یا غربت وفقر عیسائی مشنریوں نے اسلام کے خلاف جو مہم چلائی اس کا سب سے موثر جواب اس کو برصغیر میں ملا۔ برصغیر میں انگریزوں نے مسلم ہندوستان پر سازشوں کے ذریعہ سے قبضہ کیا تھا۔ مسلم حکمرانوں کی نالائقی اور بے تدبیری سے انگریز غالب آگئے تھے۔ انہوں نے مسلمان اشرافیہ اور مذہبی قیادت کو ختم کرنے کا سلسلہ شروع کیا تو مزاحمتی قوت منتشر ہوگئی۔ ایسے میں پادریوں نے مسلمانوں میں تبدیلی مذہب کی مہم جوئی کی، عیسائیت کی حقانیت اور اسلام کے ابطال پر لٹریچر تقسیم کرنا اور مسلمانوں کو چیلنج دینا شروع کیا۔ قدرت نے مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کی صورت میں ایک مناظر اسلام عطا کیا۔ انہوں نے پادری فنڈر کے دجل وفریب کا پردہ چاک کیا اور عیسائیت کے تضادات اور عقیدہ تثلیث وکفار کے ابطال پر دلائل کا انبار لگا دیا۔ وہ برطانوی ہندوستان سے بھاگ کر استنبول چلا گیا اور علماء کو چیلنج کیا۔ مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کو استنبول طلب کیا گیا اور فنڈر یہ خبر سنتے ہی پھر بھاگ کھڑا ہوا۔ جلد ہی مشنریوں کو احساس ہوگیا کہ وہ مناظروں میں نہیں جیت سکتے لہٰذا انہوں نے ساری توجہ تعلیمی نظام پر صرف کردی۔ مسلمانوں کے نظام تعلیم کو ختم کر دیا گیا۔ انگریزی زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا گیا۔ تمام ملازمتیں صرف ان لوگوں کے لئے وقف کردی گئیں جو انگریزی نظام تعلیم سے فارغ ہوں گے۔ اور اس نظام تعلیم میں مغربی فکر، مغربی فلسفہ اور مغربی آداب واطوار کو آہستہ سمویا گیا تاکہ مسلمانوں کی ایسی نسلیں تیار ہوں جو بظاہر مسلمان ہوں لیکن بباطن نامسلمان، اس میں یقیناً انہیں کامیابی ہوئی۔ مذہبی ارتداد میں ناکامی کے بعد فکری ارتداد کے حصول پر وہ قدرے مطمئن ہیں۔ اقبال نے ٹھیک کہا تھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تجھ کو کالج کا جواں زندہ نظر آتا ہے
مردہ ہے، مانگ کے لایا ہے فرنگی سے نفس

اگر جائزہ لیا جائے تو واضح ہوگا کہ عالم اسلام کے مقتدر طبقات کا تعلق اسی نظام تعلیم اور انہی مشنری اداروں سے ہے۔ یہ لوگ بظاہر مسلمان ہیں لیکن اندر سے کیا ہیں؟ واللہ اعلم۔

برصغیر کے مسلمان اہل دین نے اپنے نظام تعلیم کو اپنی تاریخ اور اپنی روایات سے جوڑے رکھنے کا عزم کیا اور مدارس کے قیام کا فیصلہ کیا۔ ان مدارس نے نہ صرف مسلمان معاشرے کو امام، خطیب، مفتی اور محققین علماء دیئے بلکہ استعمار کے خلاف مزاحمتی تحریک میں قیادت بھی فراہم کی۔ بدقسمتی سے موجودہ استعمار انہیں ختم کرنے کے درپے ہے کیونکہ الحمد للہ یہی مدارس فکری ارتداد کا موثر جواب ہیں۔

اگر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ برصغیر پاک و ہند کے مسلم معاشرے نے عیسائی حملوں کا دفاع دونوں محاذوں پر کیا۔ مناظرے کے میدان میں بھی اور تعلیم کے میدان میں بھی۔ شیخ احمد دیدات ؒ ہماری مناظرانہ روایت کا تسلسل تھے۔ وہ جنوبی افریقہ میں جس دکان پر کام کرتے تھے اس کے قریب عیسائیوں کا ایک مدرسہ (Seminory) تھا جس میں پادری تیار ہوتے تھے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ عیسائیوں کا مدرسہ انتہا پسندی نہیں مسلمانوں کا مدرسہ انتہا پسندی ہے۔ حالانکہ عیسائی پادریوں کو یہ پڑھایا جاتا ہے کہ صرف عیسائیت سچا مذہب ہے باقی تمام مذاہب غلط اور باطل ہیں۔ اس طرح انہیں لوگوں کو عیسائی بنانے کی تربیت دی جاتی ہے۔ عیسائیوں کے ایسے مدرسے پاکستان میں بھی ہیں۔ شیخ احمد دیدات کی دکان پر یہ زیر تربیت پادری آتے اور ان سے اسلام کے بارے میں بحث کرتے، اس طرح یہ جماعت پڑھا ایک نیم خواندہ شخص عیسائیت کے حملے کی زد میں تھا۔ قدرت نے اسے یہ جذبہ بخشا کہ وہ عیسائیوں کا مقابلہ کرے گا۔ وہ معلومات کی تلاش میں تھے کہ انہیں اپنے ہموطن مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی کتاب اظہار الحق مل گئی۔ یہ نکتہ آغاز ہے اس جدوجہد کا جس نے مختلف حصوں تک عیسائی پادریوں کو مضطرب کیا۔ انہوں نے بائبل کا مطالعہ کیا اور مولانا رحمت اللہ کیرانوی کے مہیا کردہ دلائل کو اپنی زبان میں اور اپنے اسلوب میں بیان کرنا شروع کیا۔ پس پھر کیا تھا سب آگے پادری اور پیچھے شیخ احمد دیدات۔ شیخ نے تبلیغی طور پر اپنی سرگرمیوں کا آغاز اپنے شہر ڈربن سے کیا۔ انہوں نے ابتداء میں عیسائی پادریوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو مناظرے کی دعوت دی اور کامیابی سے اسلام کا دفاع کیا پھر مسلم کمیونٹی کو آگاہ کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ وہ ڈربن کی مسجد میں اپنے لوگوں سے بات کرتے انہیں اسلام اور عیسائیت کے تقابلی جائزے سے آگاہ کرتے۔ آہستہ آہستہ انہوں نے **Islamic Propagation Center International** کے نام سے ادارہ قائم کیا اور لیکچرز، تربیتی پروگرام، آڈیو ویڈیو سنٹر اور کتابچوں کی اشاعت کے منظم پروگرام کا آغاز کیا۔

جنوبی افریقہ میں وہ ایک مسلمان مناظر کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔ مسلمانوں میں اسلام کے بارے میں غیرت مندانہ اور جرأت مندانہ جذبہ پیدا کرنے میں ان کا بڑا ہاتھ ہے۔ جنوبی افریقہ میں ہونے والے مباحثوں، لیکچروں اور گفتگوؤں پر مشتمل ان کی ویڈیو کیسٹس انگریزی بولنے والے مسلمانوں میں مقبول ہونے لگیں تو بین الاقوامی مشنری تنظیموں نے خطرہ محسوس کیا اور کوشش کی کہ اس کو روکا جائے چنانچہ ان کے خلاف مختلف حربے استعمال کئے گئے، اولین طور پر اپنے مشہور پادریوں کے ذریعے سے مباحثے کے چیلنج دیئے گئے جسے شیخ نے قبول کیا اور پادری صاحبان کو شکست دی۔ ان کا وہ مباحثہ جو امریکی پادری جمی سواگٹ سے ہوا اس نے واقعی اسلام کے معرکہ کی صورت اختیار کی۔ بائبل کی عریاں نگاری کے اقتباسات پڑھنے کے لئے جب سواگٹ کو کہا گیا اور اسے مجبوراً وہ عبارت پڑھنا پڑھی تو مجلس میں بیٹھے تمام عیسائیوں کے منہ لٹک گئے۔ انہوں نے جن موضوعات پر مباحثے کئے یا لیکچر دیئے وہ اب کیسٹس اور کتابچوں کی صورت میں موجود ہیں:

**(1) Crucifixion or Crusifiction**
**(2) Is Jesus God**
**(3) Is the Bible Word of God**

ان کا مجموعہ **The Choice** کے عنوان سے کتابی صورت میں چھپ گیا ہے۔

برمنگھم میں انیس شوروش سے جو مباحثہ ہوا اس میں حاضری کا شرف مجھے بھی حاصل ہوا۔ شیخ نے بائبل کے بارے میں خطاب کیا اور جواب میں شوروش نے قرآن پر وہ اعتراضات دہرائے جو مستشرقین عرصہ دراز سے کرتے چلے آرہے ہیں، دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ تمام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اعتراضات علمی خیانتوں پر مبنی ہیں جب کہ بائبل پر اعتراضات واضح اور مبرہن ہیں۔ شوروش نے اپنے جواب میں بائبل کی عریاں نگاری اور تضادات کا کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا۔ یہ شوروش وہی شخص ہے جس نے یہودیوں کے ساتھ مل کر ایک نیا قرآن "الفرقان الحق" کے نام سے شائع کیا ہے جس کے ذریعے سے قرآن میں تحریف کی گئی ہے۔ شیخ دیدات کی ویڈیو کیسٹس لاکھوں کی تعداد میں تقسیم ہوئی ہیں اور ہو رہی ہیں۔

شیخ کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے مسلمانوں کی نوجوان نسل کو وقار اور اعتماد دیا ہے۔ مغرب میں رہنے والے مسلمان نوجوانوں میں اپنے مذہب پر یقین بڑھا ہے اور وہ کفر کے مقابلے میں کھڑے ہونے سے نہیں ڈرتے۔ مسلمانوں کی بڑی نسلیں منافقت اور مداہنت پر پلی بڑھی ہیں۔ وہ مالی مفادات اور ذاتی فائدوں کے لئے مصلحتوں کا شکار اور مسلک گوسفندی پر عمل پیرا ہیں لیکن نوجوان نسل نے مصلحت کیشی کو ترک کر کے اسلام کو قبول کیا ہے۔ رشدی نے جب رسوائے زمانہ کتاب لکھی تو برطانیہ کی یونیورسٹیوں اور کالجوں کے نوجوان طلبہ ہی احتجاجی جلسوں اور جلوسوں میں پیش پیش تھے۔ انگریزی بولنے والے ملکوں میں بسنے والے مسلمانوں کے لئے شیخ احمد دیداتؒ روشنی کا مینار اور ان کی آرزوؤں کا مرکز تھے۔ ۱۹۸۶ء میں شاہ فیصل ایوارڈ ملا تو ان کی شہرت چار دانگ عالم میں پھیل گئی۔ لیکن اس سے ان کی مشکلات میں بھی اضافہ ہوا۔ ان کی دعوتی سرگرمیوں کے مرکز میں اختلافات شروع ہوئے جو عدالتوں تک پہنچے اور پھر شکستہ خاطر دیدات کو مرکز سے الگ ہونا پڑا۔

مسلمانوں نے محسن کشی کی روایت کو برقرار رکھا اور بالآخر یہ مرکز اب تک ایک اور انتظامیہ کے زیر انتظام ہے لیکن شیخ دیدات والی بات کہاں۔ وہ گذشتہ نو سال سے فالج میں مبتلا تھے۔ وہ سن سکتے تھے اور ذہنی طور پر فعال تھے لیکن بول نہیں سکتے تھے اور اعضاء میں حرکت بھی نہ تھی۔ انہوں نے آنکھوں کے اشارے سے ایک زبان تیار کر لی تھی جس سے وہ جواب دیتے تھے۔ ان کا بیٹا آنکھ جھپکنے کی تعداد سے حرف ترتیب دیتا تھا۔ جنوبی افریقہ میں دعوۃ اکیڈمی کے ایک پروگرام کے سلسلے میں جانا ہوا تو ان کے گھر حاضری کا موقع ملا۔ جب راقم الحروف نے اپنا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تعارف کراتے ہوئے شمشاد محمد خان اور برمنگھم مرکزی جامع مسجد کا ذکر کیا اور ان کے لیکچر اور مباحثہ کی بات کی تو شیخ کی آنکھوں سے آنسوؤں کا دریا بہہ نکلا۔ وہ بڑی دیر تک شفقت بھری نظروں سے مجھے دیکھتے رہے اور اظہار تشکر کرتے رہے۔ دفاع اسلام کا بہادر سپاہی، اسلام اور عیسائیت کا بے مثل مناظر، عظمت اسلام کا عظیم داعی اور غیر اسلامی کا مجسم نمونہ بالآخر موت کے ہاتھ مغلوب ہوا۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔

شیخ احمد دیدات کی موت سے اسلوب دعوت کی ایک روایت ختم ہوئی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کی لغزشوں اور کوتاہیوں کو معاف فرمائے۔ دعوۃ اکیڈمی دعوت کے میدان میں کام کرنے والے تمام کارکنوں سے اظہار تعزیت کرتی ہے کیونکہ وہ اس میدان کے ایک عظیم رہنما سے محروم ہوگئے ہیں۔ (بشکریہ ماہنامہ دعوہ اسلام آباد)

## اساتذہ کرام بالخصوص

### عہدیداران، اراکین و ممبران سے خصوصی درخواست

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے ہماری خواہش ہے انجمن کے آئین کے مطابق زیادہ سے زیادہ سیمینارز، کانفرنسیں اور ورکشاپ منعقد کریں لیکن محدود وسائل کے سبب اس پر عمل کرنا دشوار ہوتا ہے۔

بعض اساتذہ کی رائے تھی کہ یہ اخراجات اساتذہ کرام اپنی تنخواہوں سے ادا کریں۔

لہٰذا ہم تمام اساتذہ سے درخواست کرتے ہیں وہ دام درم سخنے صوبائی و قومی سیرت کانفرنس کے لیے فوری تعاون سے آگاہ فرمائیں تاکہ پروگرام کی تفصیلات کا جلد سے جلد اعلان کیا جاسکے۔

میں ان اساتذہ کا انتہائی شکر گذار ہوں جنھوں نے اب تک تعاون فرمایا ہے۔

**پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی**

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# گوشۂ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل

## رسالہ پر نقد و نظر / روداد و تاثرات

مرتب: پروفیسر ڈاکٹر فرحت عظیم

فہرست مضامین شمارہ نمبر ا جلد ا۔ فروری تا جولائی ۲۰۰۵ (سیرت النبی ﷺ نمبر)


ا نعت (صلاۃ و سلام) ۱

۲۔ فہرست ۵

۳۔ پیغامات ۷

۴۔ اداریہ (عہد حاضر اور ہم) ۱۵
پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

گوشۂ اردو:

۵۔ دہشت گرد فسادی اور عدم برداشت کا علمبردار کون؟ ۲۱
مولانا محمد اسعد تھانوی

۶۔ عہد حاضر میں انتہاء پسندی کا رجحان اور اسکا خاتمہ تعلیمات نبوی کی روشنی میں ۴۷
پروفیسر قاری بدر الدین

۷۔ روشن خیال، اعتدال پسند اسلامی معاشرے کی تشکیل و ضرورت ۶۹
مولانا سعید احمد صدیقی

۸۔ روشن خیالی و اعتدال پسندی تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں ۱۱۱
پروفیسر نسرین وسیم


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۹۔ مذہبی انتہاء پسندی کا جائزہ، سیرت طیبہ ﷺ کے آئینہ میں ۱۵۷
پروفیسر سید شعیب اختر
۱۰۔ آپ ﷺ کا عطا کردہ روشن خیال اور اعتدال پسند معاشرہ ۱۷۹
پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا
۱۱۔ خلفاء راشدین کی مذہبی رواداری ۲۳۵
بشریٰ بیگ
۱۲۔ مغربی رواداری اور عراقی قیدی ۲۵۱
حافظ زاہد محمود
۱۳۔ پہلی سیرت انسائیکلوپیڈیا، سعودی عرب کی عظیم خدمت ۲۵۷
مفتی محمد نعیم
۱۴۔ گوشۂ تعارف و تبصرۂ کتب ۲۶۴
۱۵۔ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی مختصر تاریخ ۲۷۱
پروفیسر سرور حسین خان
۱۶۔ ریسرچ اسکالرز سے درخواست، ۲۷۷
۱۷۔ گوشۂ علمی و تعلیمی خبریں ۲۸۴
۱۸۔ سیمینار (اصول تحقیق، تصنیف، تالیف، کالم نگاری، اہداف و طریقہ کار) ۲۸۹
پروفیسر عبدالحفیظ

## گوشۂ عربی

۱۹۔ حُرية الإيمان والدين بين المذاهب و الحضارات والحلم الاسلامی ۲۹۱
الاساتذ الدکتور صلاح الدین ثانی
۲۰۔ الافراط والتفريط فی ضوء سيرة النبوية ﷺ، ۲۳۵
الاستاذ مولانا محمد عمّار خان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## گوشۂ سندھی

۲۱۔ محسن انسانيت جي مذهبي رواداري ۳۴۷
صبغت اللہ مهيسر

۲۲۔ اسلام رواداری جو علمبردار ۳۵۷
عبدالقادر چاچڑ

۲۳۔ تعارف جامعہ بنوریہ ۳۷۵

## گوشۂ انگلش

**24. God's Trust To Man & Prophet'sRole to its Fulfillment 1**
**A. K M. Moslem Ali**
**25. Islam, Enlightening The World 11**
**Professor Dr. Farhat Azim**
**26. Tolerance and Terrorism In the light of Holy Profit (P.B.U.H.)**
**19**
**Ghulam Abbass Jhatial.**
**27. Need To Eliminate the Tendency of Religious Extremism 33**
**Muhammad Bilal.**

## فہرست مضامین شمارہ نمبر ۲ جلد ۱۔ اگست ۲۰۰۵ء تا جنوری ۲۰۰۶ء (تعلیم و تحقیق نمبر)

۱ نعت (صلاۃ وسلام) ۱
۲۔ نغمہ پاکستان ۲
۳۔ فہرست مضامین ۷
۳۔ ریسرچ اسکالر سے درخواست ۱۱
۴۔ اداریہ (عہد حاضر اور ہم) ۱۹

## گوشۂ اردو :

☆ اسلامی اصول تحقیق — پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ۲۷
☆ مخطوطات کی تحقیق و ایڈیٹنگ کے بنیادی اصول — پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد ۳۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




| | | |
|---|---|---|
| ☆ موضوع کے انتخاب سے تلخیص کی تدوین تک (بنیادی اصول وطریقہ کار) | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | ۶۱ |
| ☆ نصابی کتب کی تالیف کے اہداف وطریقہ کار | پروفیسر سرور حسین خان | ۷۹ |
| ☆ عصر حاضر میں دینی مدارس کے طریقہ تحقیق وتالیف کا تجزیاتی مطالعہ | مولانا عمار زاہد الراشدی | ۹۱ |
| ☆ کالم نگاری اہداف وطریقہ کار | مولانا ابن الحسن عباسی | ۹۹ |
| ☆ تبصرہ نگاری کے اصول | مبصر الفاروق | ۱۰۳ |
| ☆ پروف ریڈنگ کے اصول بالخصوص قرآن کریم کے حوالے سے | پروفیسر ڈاکٹر حافظ ضیاء الدین | ۱۰۹ |
| ☆ فن تحقیق پر رہنما کتابیں | پروفیسر مفتی محمد عمار | ۱۱۳ |
| ☆ اہم اسلامی ویب سائٹس کا مختصر | پروفیسر ڈاکٹر فرحت عظیم | ۱۱۷ |
| ☆ قلم، صاحب قلم اور صاحب منصب فکر غزالی کے تناظر میں | مسز بشریٰ بیگ | ۱۲۵ |
| ☆ لیکچر اور گفتگو کا فن | میجر محمد جمشید خانزادہ | ۱۳۳ |
| ☆ تصنیف وتالیف کے لئے مناسب عمر | حافظ محمد قاسم | ۱۳۸ |
| ☆ اساتذہ کرام کے لئے رہنما اصول | بریگیڈیئر ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن | ۱۳۹ |
| ☆ دینی کتابوں سے استفادہ کے شرعی احکام، | مفتی محمد نصر اللہ | ۱۵۷ |
| ☆ اسلام کا تصور تعلیم | پروفیسر محمد مشتاق کلوٹہ | ۱۶۳ |
| ☆ تعلیم وتربیت کے سنہری اصول | پروفیسر ڈاکٹر ایچ رشید احمد قاضی | ۱۷۹ |
| ☆ برصغیر کے دینی مدارس کی عظیم دینی خدمات | پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی | ۱۹۱ |
| ☆ علوم اسلامیہ وعلم حدیث کے لئے خواتین کی خدمات | پروفیسر بدر الدین | ۲۰۷ |
| ☆ قرآن کی روشنی میں حسد کا نفسیاتی علاج | پروفیسر ڈاکٹر انصار الدین مدنی | ۲۲۱ |
| ☆ امریکی تعلیمی اداروں میں مسلمانوں کے ساتھ عدم رواداری (طریقہ واردات) | بشارہ رومانی | ۲۳۱ |
| ☆ رسول کریم ﷺ کا مکی دور | پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین | ۲۳۵ |
| ☆ بیرون ممالک سے تعلیم حاصل کرنے کے | انتخاب: پروفیسر نسرین وسیم | ۲۴۱ |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




خواہش مندوں کے لئے رہنما اصول (انتخاب)

☆ مشرق و مغرب کے طرز تعلیم و نتائج کا تقابلی مطالعہ — ریاض الدین احمد — ۲۵۱

☆ تحریک پاکستان صحافتی محاذ پر — پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر — ۲۵۹

☆ سندھ میں زراعت، ہاری اور خواتین کے مسائل — پروفیسر ڈاکٹر احمد اقبال — ۲۸۳

☆ حج تجاویز برائے وفاقی وزارت مذہبی امور — مولانا سعید احمد/ پروفیسر سعید الرحمٰن — ۲۸۷

☆ باہمی تعلقات توڑ لینے والے حضرات — پروفیسر عبد الحفیظ — ۲۹۳

**گوشہ: تعارف و تبصرہ کتب** — ۲۹۵

**گوشہ: علمی و تعلیمی خبریں** — ۳۰۲ تا ۳۱۵

☆ بہترین استاذ کو ایوارڈ دینے کا منصوبہ ☆ ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ایم فل/ پی ایچ ڈی میں داخلے

☆ دینی مدارس کی آزادی ☆ لندن بم دھماکے اور دینی مدارس کا موقف

☆ جامعہ کراچی میں جعل سازی ☆ امریکہ کی امداد کی اپیل

☆ چیف سیکریٹری کے خوش آئند عزائم ☆ علم و قلم کی برکتیں

**گوشہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل** — ۳۱۶

☆ رسالہ پر نقد و نظر/ روداد و تاثرات — ۳۱۶

☆ فہرست مضامین سیرت نمبر (فروری تا جولائی ۲۰۰۵ء) — ۳۱۶

☆ تبصرے — ۳۱۸

**گوشہ: انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی** — ۳۲۶

☆ انجمن اساتذہ کی تاریخ — پروفیسر سرور حسین خان — ۳۲۶

☆ انتخابات 2004-05 — پروفیسر شائستہ سلطانہ — ۳۲۸

☆ سیمینار ۱۵ر جنوری ۲۰۰۵ء — پروفیسر عبد الحفیظ — ۳۳۰

☆ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس — پروفیسر ثریا قمر، پروفیسر محمد بلال — ۳۳۱

☆ فہرست ایوارڈ یافتگان ۲۰۰۵ء — ۳۳۴

☆ کانفرنس میں پیش کردہ مقالات — ۳۳۶

☆ انتخابات 2005-06 — پروفیسر ریاض الدین ربانی — ۳۴۴

☆ تربیتی نشست ۳۰ر اگست ۲۰۰۵ء — پروفیسر تسنیم کوثر/ پروفیسر نصرت جہاں — ۳۴۶

☆ اعلان کردہ کمیٹیوں کی تفصیل — ۳۴۸


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




**گوشۂ عربی** ۳۵۳

☆ من هو اهل البيت النبی ﷺ — مفتی محمد نعیم — ۳۵۳

☆ عمليات الارهابية بمدينة كراتشي و العمليات العسكرية في وانا — دکتور سید صلاح الدین احمد — ۳۵۹

**گوشۂ سندھی** ۳۶۵

☆ ڪتب خانو جي مختر تاريخ ۽ اهميت — ڊاڪٽر عبدالوحيد انڙ — ۳۶۵

☆ استاذ العلامہ محمد هدايت الله الآريجويؒ — ڊاڪٽر محمد ادريس آزاد — ۳۷۷

☆ مدينو پاڪ (پهرين اسلامي رياست) — ڊاڪٽر محمد اشرف سمون — ۳۸۹

☆ حضرت آدم ۽ بي بي حوا — ڊاڪٽر عبد القادر چاچڙ — ۳۹۵

**گوشۂ انگلش** ۱/۶

1. A Comparative Note On Status Of Women In Bible & Quran — 5
   By Khalid M. Ishaque Advocate
2. Machine-Slaughtering and Tasmiyah — 9
   By Dr. Sheikh Shabbir Ahmed
3. ENGLISH AS A SINGULARLY IMPORTANT LANGUAGE — 17
   By: Prof. A.K. Shams
4. God's Trust To Man & Prophet's Role to its Fulfilment — 21
   A.K.M. Moslem Ali
5. Our Prophet (PBUH) in view of Non-Muslims — 33
   Jamshed Iqbal
6. Fake and Genuine Islamic Websites — 36
   Researched By Jamished Iqbal


**سید محمود میاں صاحب** مدیر ماہنامہ انوار مدینہ ج/۱۴، ش/۳ مارچ ۲۰۰۶ء

پیش نظر کتاب ششماہی رسالہ "علوم اسلامیہ" کا سیرت النبی ﷺ نمبر ہے، اس نمبر میں مختلف مضامین سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں دیئے گئے ہیں جن میں مذہبی رواداری، روشن خیالی، اعتدال پسندی، انتہاء پسندی، دہشت گردی اور جدت پسندی نمایاں ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## حافظ محمد سعد اللہ مدیر ششماہی منہاج۔ دیال سنگھ

## لائبریری لاہور جولائی تا دسمبر ۲۰۰۵ء

اہل علم و تحقیق و مطالعہ کا ذوق رکھنے والے حضرات سے مخفی نہیں کہ وطن عزیز میں ماشاءاللہ روزانہ شائع ہونے والے اخبارات کے علاوہ ہفت وار، ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی اور سال کی بنیاد پر شائع ہونے والے مجلات اور رسائل و جرائد کی بہتات ہے۔ ہر قابل ذکر علمی ادارے، کالج، یونیورسٹی، دینی مدرسہ، سیاسی و مذہبی تنظیم اور سماجی و تبلیغی تحریک کی طرف سے اس کے افکار و نظریات کا حامل اور جاری سرگرمیوں کی تفصیل پر مشتمل کوئی نہ کوئی ترجمان رسالہ و جریدہ شائع ہو رہا ہے۔ رسائل و جرائد کی بھرمار اور لکھنے کی صلاحیت رکھنے والوں کی کثرت بحمد اللہ خوش آئند پہلو ہے مگر اس میں لائق توجہ بلکہ قابل افسوس امر ایک تو یہ ہے کہ بہت کم رسائل ہیں جن میں علمی و تحقیقی معیار کو مدنظر رکھا جاتا ہو، کئی رسائل میں شائع ہونے والے مضامین کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ بس رسالہ کا پیٹ بھرنا اور متعلقہ ادارہ و تنظیم کا نام شائع کرنا مقصود ہوتا ہے۔ مضمون نگار کا مطمح نظر بھی یہی کچھ معلوم ہوتا ہے۔ اسے کوئی بات صفحہ قرطاس پر لانے کی نزاکت کا اندازہ ہے اور نہ اس بات کی پرواہ ہے کہ آگے چل کر میری کسی غیر محققانہ تحریر کے کیا فکری و نظریاتی اور عملی نتائج برآمد ہوں گے۔ راقم کے ذاتی مشاہدہ کے مطابق اکثر مضامین رطب و یابس روایات و واقعات کا مجموعہ، محض نقل مکانی، سرقہ اور ثانوی ماخذ سے ماخوذ ہوتے ہیں۔ اگر کسی ثانوی ماخذ میں خدانخواستہ کوئی پروف کی غلطی رہ گئی ہے۔ مثلاً فروذق (دال کے ساتھ) کی جگہ فرزوق (واؤ کے ساتھ) شائع ہو گیا ہے تو ''فاضل مقالہ نگار بھی مکھی پر مکھی مارتے ہوئے آگے فرزوق (واؤ کے ساتھ) ہی نقل کر دیتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

رسائل و جرائد کے حوالے سے دوسری قابل افسوس بات یہ ہے کہ اکثر رسائل و جرائد محض اپنے ناشر اور تحریک و تنظیم کے قائد و بانی کے مسلک اور افکار و نظریات کے ترجمان ہوتے ہیں۔ مطبوعہ مضامین میں تمام دلائل کی ''تان'' بھی بالآخر متعلقہ مسلک و نظریہ کی تائید و حمایت پر ہی آ کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ٹوٹتی ہے۔

مسلکی و مذہبی اور فکری و نظریاتی تعصب اور تحقیقی معیار کی گراوٹ کی مذکورہ صورت حال میں کسی ایسے پرچے کی اشاعت جس کا مقصد کسی مخصوص مسلک و نظریہ کی ترجمانی کی بجائے ''اسلام اور نظریہ پاکستان کا تحفظ ہو۔ دوسرے ملک وملت کا ترجمان'' ہونے کا داعی ہو۔ علاوہ ازیں اس میں شائع شدہ مقالات کے اندر بھی کافی حد تک جدید تحقیق کے اُصول و قواعد کو مدّ نظر رکھا گیا ہو تو اسے اطمینان بخش امر ہی قرار دیا جائے گا۔

اسلام اور نظریہ پاکستان کا محافظ اور ملک وملت کا ترجمان ہونے کا داعی یہ مجلّہ ششماہی ''علوم اسلامیہ'' انٹرنیشنل کراچی ہے جس نے محرم ۱۴۲۶ھ (بمطابق فروری ۲۰۰۵ء) سے اپنی اشاعت کا آغاز کیا ہے جو بیک وقت چار زبانوں (اُردو، عربی، سندھی، انگریزی) کے حامل مقالات پر مشتمل ہے۔ دوسرے یہ کہ سال کا پہلا شمارہ سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر اور دوسرا شمارہ عام موضوعات پر مشتمل ہوا کرے گا۔ اس کے چیف ایڈیٹر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی اور سرپرست جناب مفتی محمد نعیم صاحب ہیں جبکہ مجلس ادارت میں وطن عزیز کی مختلف یونیورسٹیوں اور علمی اداروں سے تعلق رکھنے والے بلکہ ان اداروں کی ''پہچان'' ہونے کا اعزاز رکھنے والے متعدد نامور ریسرچ اسکالرز کے نام شامل ہیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| ۱۔ پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی | صدر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد |
| ۲۔ پروفیسر ڈاکٹر خالد علوی | ڈائریکٹر جنرل، دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد |
| ۳۔ مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر | مہتمم جامعہ اسلامیہ، بنوری ٹاؤن کراچی |
| ۴۔ پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی | ڈین آرٹس فیکلٹی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد |
| ۵۔ مولانا سیّد نصیب علی شاہ | مہتمم جامعہ المرکز اسلامی، بنوں |
| ۶۔ ڈاکٹر محمود الحسن عارف | چیئرمین، اُردو دائرہ معارف اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی، اسلام آباد |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس مجلہ کا پہلا اور زیر تبصرہ شمارہ "سیرۃ النبی ﷺ نمبر" ہے جس میں مذہبی رواداری، روشن خیالی، اعتدال پسندی، انتہاء پسندی، دہشت گردی، جدت پسندی" جیسی اصطلاحات اور موضوعات کا "سیرت طیبہ ﷺ کے تناظر میں" علمی و تحقیقی جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔ اہل علم جانتے ہیں کہ آج کل مغربی میڈیا، این جی اوز اور بعض جدت پسند بلکہ مغرب پرست دانشور اپنے مخصوص عزائم اور سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ان مذکورہ اصطلاحات کو مرضی کا جامعہ پہنا رہے ہیں اور اصل حقیقت و مفہوم سے ہٹ کر من مانی تشریح کر رہے ہیں اور مسلمانوں کی مورد الزام ٹھہرا رہے ہیں۔ مگر زیر نظر شمارہ کے فاضل مقالہ نگاروں نے مغربی میڈیا سے متاثر اور مرعوب ہوئے بغیر سیرت طیبہ ﷺ کے تناظر میں دلائل وحقائق تاریخی واقعات اور روایت و درایت کی روشنی میں مذکورہ بالا اصطلاحات اور موضوعات پر روشنی ڈالنے اور مغرب و استعماری طاقتوں کو آئینہ دکھانے کی قابل قدر کوشش کی ہے۔ مثلاً زیر نظر مجلہ کے پہلے ہی مقالہ میں مولانا محمد اسعد تھانوی نے دلائل سے واضح کیا ہے کہ دہشت گرد فسادی اور عدم برداشت کا علم بردار اسلام اور مسلمان نہیں بلکہ مغرب ہے۔ مگر اس کے باوجود "الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے" کے مصداق اہل اسلام کو دہشت گرد اور انتہا پسند قرار دیتے ہیں۔

اسی طرح زیر نظر شمارہ میں شامل دوسرے مقالات میں بھی عقلی و نقلی دلائل اور تقابلی مطالعہ سے بتایا گیا ہے کہ اسلام کا انتہاء پسندی اور دہشت گردی سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ نیز مذہبی رواداری، روشن خیالی اور اعتدال پسندی کا اصل مفہوم اور حدود و قیود بھی قرآن وسنت کی روشنی میں واضح کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ پرچہ میں "گوشہ علمی و تعلیمی خبریں" کے عنوان سے بھی ایک مفید اور معلوماتی سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں "ریسرچ اسکالر سے درخواست" کے عنوان کے تحت پرچہ کے تحقیقی منہج، اغراض و مقاصد اور مجوزہ عنوانات کی بھی نشاندہی کردی گئی ہے۔

مختصر یہ کہ ششماہی "علوم اسلامیہ" مجلات و جرائد کے میدان میں ایک عمدہ اور مفید اضافہ ہے۔ دعا ہے کہ یہ تسلسل سے شائع ہوتا رہے اور اشاعت سے مطلوبہ مقاصد پورے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوں۔آمین

آخر میں ایک بات کی طرف توجہ دلانا بے جانہ ہوگا۔وہ یہ کہ آج کل تبصروں میں عام طور پر زیر تبصرہ کتاب/رسالہ کے بارے میں تعریفی کلمات ''ایک ضرورت'' اور فیشن بن کر رہ گیا ہے۔ تاہم دیانت کا تقاضا ہے کہ قابل اصلاح وضروری چیز کی بھی نشاندہی کی جائے۔وہ یہ کہ زیر تبصرہ مجلّہ کے چیف ایڈیٹر ماشاء اللہ صاحب نظر، تجربہ کار مؤلف ومقالہ نگار اور جدید تحقیق کے اُصول وضوابط کو جاننے والے ہیں، ان کیلئے کوئی بات کہنا ''سورج کو چراغ دکھانے'' کے مترادف ہے تاہم عرض ہے کہ چیف ایڈیٹر اور پرچے کا بانی مبانی ہونے کی حیثیت سے ان کی ذمہ داری ہوگی کہ:

- جس طرح انہوں نے پرچے کی اشاعت کا مقصد ''اسلام اور نظریہ پاکستان کا محافظ، ملک وملت کا ترجمان'' متعین کیا ہے۔اس پر سختی سے اور ہر قیمت پر قائم رہیں۔ کیونکہ عموماً ہوتا ہے کہ شروع میں اعلیٰ مقاصد مدّ نظر ہوتے ہیں مگر بعد میں بوجوہ اصل مقاصد پس پشت چلے جاتے ہیں۔ پورے ملک وملت کی ترجمانی تو شاید مشکل ہو البتہ اسلام اور نظریہ پاکستان کے تحفظ پر کاربند رہا جاسکتا ہے۔
- تحقیقی مقالات کا حصول اور تحقیقی معیار کو قائم رکھنا بھی جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔ شاملِ اشاعت ہونے والے ہر مقالہ کو اچھی طرح دیکھ لیا جائے کہ تحقیق کے معیار پر پورا اُترتا ہے یا نہیں۔
- زیر نظر شمارے میں کاغذ ذرا نرم لگا ہوا ہے، ۶۸ گرام کا کاغذ تو کم از کم لگنا چاہیے، عمدہ کاغذ سے طباعت اور ظاہری حسن (Get up) میں جو اضافہ، کشش اور خوبصورتی پیدا ہو جاتی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

پیش نظر کتاب ششماہی رسالہ ''علوم اسلامیہ'' کا سیرت النبی ﷺ نمبر ہے، اس نمبر میں مختلف مضامین سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں دیئے گئے ہیں جن میں مذہبی رواداری، روشن خیالی، اعتدال پسندی، انتہا پسندی، دہشت گردی اور جدت پسندی نمایاں ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# پروفیسر ڈاکٹر سیّد صلاح الدین احمد

ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کراچی سندھی

محترم پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب

السلام علیکم

آپ کا تحقیقی رسالہ علوم الاسلامیہ انٹرنیشنل نظروں کے سامنے ہے۔ ٹائٹل صفحہ بہت دلکش ہے۔ ویب سائٹ پر آپ کا رسالہ موجود ہے۔ یہ آپ کی علم دوستی کا بیش ثبوت ہے۔

آپ کا رسالہ اُردو، عربی، انگریزی، سندھی یعنی چار زبانوں میں شائع ہوتا ہے۔ یہی صفت دوسرے رسالوں سے اس کو ممتاز کرتی ہے۔

شمارہ نمبر ۲ جلد نمبر ا میں اُصول تحقیق سے متعلق چند مقالہ جات ہیں جنہیں دیکھ کر اور پڑھ کر بڑی مسرت ہوئی۔

طلباء کو درس دینے کا آسان طریقہ رسالہ میں مقالہ جات کی اشاعت ہے جو ان کے نصابی کتب کے عنوان سے متعلق ہو۔ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اس کاوش کا اجر دے۔

آپ نے میرا عربی مضمون شائع فرما کر میری عزت افزائی کی ہے۔ میں بہت ممنون و مشکور ہوں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مولانا محمد قاسم قاسمی
مہتمم جامعہ قاسم العلوم بہاول نگر

محترم المقام جناب ڈاکٹر پروفیسر صلاح الدین ثانی صاحب زید مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مزاج گرامی۔ اُمید ہے کہ گھر میں ہر طرح خیریت ہوگی۔ عرصہ ہوا رسائل واخبارات میں آپ کے مضامین پڑھ رہا تھا جس کی وجہ آپ سے ایک غائبانہ تعلق اور محبت پیدا ہوگئی تھی جس کی وجہ سے آپ سے ملاقات کی شدید خواہش تھی بارہا کراچی آنا ہوا مگر اپنی شدید مصروفیات کی وجہ سے ہر دفعہ آپ کی زیارت وملاقات سے محرومی رہتی۔ عارضہ دل کی وجہ سے ۲ سال سے کراچی آمد ورفت معدوم تھی۔ چنانچہ ایک ضروری کام کے سلسلہ میں گذشتہ دنوں کراچی میں جانا ہوا اس دورہ میں پختہ عزم تھا کہ جناب والا سے ضرور ملاقات کا شرف حاصل کروں گا۔ بحمدہ اللہ تعالیٰ نے اس دفعہ ارادہ کی تکمیل کرادی اور جناب کے دردولت پر حاضری کا موقعہ ملا۔ جناب والا جس خلوص و محبت سے پیش آئے جس طرح ہمارا اعزاز واکرام فرمایا اور ہماری زبردست مہمان نوازی فرمائی اس پر آپ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں اللہ تعالیٰ اس کی آپ کو بہت بہت جزاء دے۔

آپ جس انداز میں تحریری طور پر علمی کام کررہے ہیں اور اپنا سکہ ارباب اقتدار، علماء اور علمی حلقہ سے منوایا ہے اس پر آپ سے مزید دلی محبت وعقیدت پیدا ہوگئی ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ طویل عمر عطا فرمائے اور ہر قسم شرور وفتن، حاسدین کے حسد اور شرارتیوں کے شر سے محفوظ رکھے۔

عزیز القدر مولانا مسعود قاسم قاسمی صاحب ہدیہ سلام پیش کرتے ہیں والسلام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# گوشۂ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی مختصر تاریخ

مرتب: پروفیسر سرور حسین خان

۱۔ اکتوبر 1962 میں کالجز میں اسلامیات کی تعلیم میں بہتری لانے کے لئے اردو کالج میں 15 اساتذہ جمع ہوئے جنہوں نے کونسل قائم کر کے پروفیسر محمود حسین صدیقی کو کنوینز مقرر کیا اور آئین کی تشکیل کے لئے پروفیسر یحییٰ ندوی اور پروفیسر اکبر حسینی کو کنوینز کا معاون مقرر کیا گیا۔

۲۔ 1968 میں ایس ایم کالج میں آئین کے بنیادی نکات پر اتفاق ہوا۔

۳۔ 1973ء میں سٹی کالج میں انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کی تشکیل عمل میں آئی جس کے سلیکشن کے ذریعے پہلے صدر پروفیسر دلدار علی غازی اور جنرل سیکریٹری پروفیسر محمد نسیم عثمانی مقرر ہوئے۔

۴۔ 1976ء میں پہلے انتخابات ہوئے اور مولانا پروفیسر محمد سلیمان بوگھیو مرحوم صدر جبکہ جنرل سیکریٹری پروفیسر محترمہ قمر آستان ودیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۵۔ 1983 کے دوسرے انتخابات میں محترمہ پروفیسر حمیدہ اعجاز صاحبہ صدر اور پروفیسر سلطان محمد قریشی جنرل سیکریٹری ودیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۶۔ 1984 کے تیسرے انتخابات میں پروفیسر محمد سعید اختر صاحب صدر اور پرفیسر امام الدین بلوچ صاحب جنرل سیکریٹری ودیگر عہدہ داران منتخب ہوئے۔

۷۔ 1985 میں انجمن باقاعدہ رجسٹرڈ ہوئی۔ اور آئین میں تبدیلیاں ہوئیں۔ رجسٹریشن میں پرفیسر ریاض الدین ربانی صاحب نے خصوصی تعاون فرمایا۔

۸۔ 1986 کے چوتھے انتخابات میں پروفیسر مولانا محمود حسین صدیقی صاحب صدر پروفیسر محمد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صدیق مغل جنرل سیکریٹری و دیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۹۔ 31 دسمبر ۱۹۸۷ء میں انجمن کا پہلا باقاعدہ مذاکرہ بعنوان "ملی یکجہتی" بمقام اسلامیہ کالج عسکری ہال زیر صدارت وائس چانسلر پروفیسر منظور الدین احمد منعقد ہوا مہمان خصوصی محمد شفیع اسٹیل والا تھے مذاکرہ میں ایک تحریری مقالہ پیش کیا گیا جب کہ تین مقررین نے زبانی خطاب کیا۔

۱۰۔ 1988ء کے پانچویں انتخابات میں پروفیسر سلطان محمد قریشی صدر اور پروفیسر ریاض الدین ربانی جنرل سیکریٹری و دیگر عہدیداران منتخب ہوئے۔

۱۱۔ مارچ 1991ء میں پروفیسر محمد صدیق مغل نے انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالج کی پہلی ڈائریکٹری مرتب کر کے شائع کی جس میں انجمن کی تاریخ اور یکم جنوری 1990 تک کے اساتذہ کی سنیارٹی لسٹ اور فیکلٹی اسلامک اسٹڈیز جامعہ کراچی کے غیر شرعی و غیرہ منصفانہ امور کو تحریری شکل میں بیان کیا گیا ہے۔

۱۲۔ 2001ء کے چھٹے انتخابات میں پروفیسر عبد الحفیظ صاحب صدر، پروفیسر شہزاد خان صاحب جنرل سیکریٹری و دیگر عہدیداران منتخب کیے۔

۱۳۔ 2001ء اور 2003ء کے متنازعہ انتخابات ہوئے جس میں اساتذہ کی معقول تعداد نے بائیکاٹ کیا لیکن اس پیریڈ کا ریکارڈ 2004ء میں منتخب ہونے والے نئے عہدیداران کے حوالے نہیں کیا گیا (جس کی زبانی و تحریری درخواست کی گئی) لہٰذا اس عرصہ کا ریکارڈ پیش کرنے سے معذور رہیں۔

۶۔ ۲۰۰۵ء کے اور انتخابات کے بعد صدر انجمن ڈاکٹر صلاح الدین ثانی نے ایک کمیٹی قائم کی ہے تا کہ پچھلا ریکارڈ اور مالی حساب حاصل کیا جاسکے مگر سابقہ عہدیدان کا رویہ عدم تعاون کا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# انتخابات 05-2004 اور تربیتی نشست

رپورٹ : پروفیسر شائستہ سلطانہ

اگست 2004ء میں نویں انتخابات ہوئے جس میں حافظ نظر محمد صدر، پروفیسر سرور حسین خان جنرل سیکریٹری منتخب ہوئے۔

14 اکتوبر 2004ء کو حلف برداری کی تقریب بمقام جناح کالج ناظم آباد میں منعقد ہوئی جس کی صدارت مولانا اسعد تھانوی نے کی اور کلیدی خطاب کیا مہمان خصوصی پروفیسر کفیل زادہ (سابق پرنسپل جناح کالج) تھے پروفیسر سعید اختر صاحب (پرنسپل جناح کالج) پروفیسر ریاض الدین ربانی صاحب (سابق پرنسپل پریمیئر کالج) پروفیسر نفیسہ قدوائی صاحبہ (پرنسپل شہید ملت گورنمنٹ کالج) نے انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کی تاریخ بیان کی پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام دیئے، عہدیداران، اراکین مجلس عاملہ واعزازی ممبران سے مولانا محمد اسعد تھانوی صاحب اور پروفیسر کفیل زادہ صاحب نے حلف لیا پھر تمام شرکاء لنچ میں شریک ہوئے۔

جملہ اراکین وممبران انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی، سندھ

| عہدیداران | اراکین مجلس عاملہ | اعزازی ممبران |
|---|---|---|
| پروفیسر حافظ نظر محمد کلہوڑو صاحب | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | پروفیسر ڈاکٹر عبدالشہید صاحب |
| (صدر) | | (جامعہ کراچی) |
| پروفیسر مولانا محمد صالح صاحب | پروفیسر ریاض الدین ربانی صاحب | پروفیسر ڈاکٹر وسیم الدین صاحب |
| (نائب صدر) | (پرنسل پریمئیر گورنمنٹ ڈگری کالج) | (وفاقی اردو یونیورسٹی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پروفیسر نسرین وسیم صاحب
(خاتون نائب صدر)
پروفیسر سرور حسین خان صاحب
(جنرل سیکریٹری)
پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا صاحب
(جوائنٹ سیکریٹری)
پروفیسر پروین جہانگیر صاحبہ
(خاتون جوائنٹ سیکریٹری)
پروفیسر مولانا مطیع اللہ سہارن
(خزانچی)
پروفیسر مولانا محمد عمار خان صاحب
(ممبر)
پروفیسر حافظ حسن عامر صاحب
(ممبر)

پروفیسر نفیسہ قدوائی صاحبہ
(پرنسپل شہید ملت گورنمنٹ کالج)
پروفیسر سعید اختر صاحب (پرنسپل
جناح گورنمنٹ کالج)
پروفیسر نسیم شیخ صاحب
(پرنسپل ایس ایم آرٹس کامرس کالج)
پروفیسر بلقیس اختر صاحب
(پرنسپل اورنگی گرلز کالج)
پروفیسر ڈاکٹر اشرف سموں صاحب
پروفیسر مولانا حافظ خالد حسین صاحب
پروفیسر عبدالحفیظ صاحب
پروفیسر حافظ ثناء اللہ صاحب
پروفیسر ڈاکٹر سعید آرائیں صاحب
پروفیسر ڈاکٹر حافظ ضیاء الدین صاحب
پروفیسر ریحانہ شہزاد صاحبہ
پروفیسر صبغت اللہ صاحب
پروفیسر عزیز احمد صاحب
پروفیسر مسز طلعت عمر صاحبہ
